## سوال

(582) عورت کا ایام سوگ میں ٹیلی فون استعمال کرنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فوت شدہ خاوند پر سوگ منانے والی عورت کے لیے دوران سوگ دیگر عورتوں اور اپنے قریبی رشتہ داروں، مثلاً اپنے بیٹے سے ٹیلی فون پر گفتگو کرنا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں، اصل اباحت پر عمل کرتے ہوئے اس عورت کے لیے دیگر عورتوں اور محارم مردوں سے گفتگو کرنا جائز ہے، اور غیر محرم مردوں سے بھی ٹیلی فون پر گفتگو کرنا جائز ہے بشرط یہ کہ اس میں کوئی شرعی مخالفت نہ ہو۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 517

محدث فتویٰ